تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار ۔ لاکہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

ہفت روزہ **ندائے خلافت** لاہور

جلد نمبر 5 شمارہ 6 | 11 تا 17ر رمضان المبارک 1416ھ | یکم تا 7ر فروری 1996ء | خبرنامہ شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان | قیمت فی شمارہ ایک روپیہ

# فوری اور بے لاگ احتساب کے بغیر ملکی حالات درست نہیں ہو سکتے: جنرل انصاری

لاہور (پ ر) بے لاگ اور فوری احتساب کے بغیر ملکی حالات درست نہیں ہوں گے۔ ہر انسانی معاشرے کا طرہ امتیاز اجتماعی زندگی کا شعور ہے جب کہ ترقی و خوشحالی اس کی پہچان بن جاتی ہے۔ جو قوم بے لاگ احتساب سے گریز کرتی ہے وہ آخر کار تباہی و بربادی کا شکار ہو جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے سیکرٹری اطلاعات جنرل ریٹائرڈ محمد حسین انصاری نے مسجد دار السلام میں جمعہ کے خطبہ میں کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کو اس وقت بے اطمینانی اور خوف و دھشت کے حالات کا سامنا ہے۔ قومی سطح پر شفاف احتساب سے گریز ہماری مشکلات کی وجہ ہے۔ جنرل انصاری نے کہا گزشتہ پچاس سالہ تاریخ میں ہر طرح کی حکومتیں بر سر اقتدار ہیں مگر کسی بھی حکومت نے نظر آنے والا احتساب نہ کیا۔ ہر حکومت نے احتساب کا اعلان کیا مگر ہر احتساب کا مقصد حکومت کے مخالفین کو بلیک میل کرنا ہی رہا' عوام نے بھی اپنے نمائندوں کا احتساب نہ کیا۔ اسی غفلت کی وجہ سے ملک کے ہر شعبے میں کرپشن' بدحالی اور بے اطمینانی خطرناک حدوں تک پھیل چکی ہے۔ جنرل انصاری نے کہا رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ایمان اور احتساب کے ذریعے عبادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایمان سے دل کا یقین پختہ ہوتا ہے جب کہ احتساب سے انسانی زندگی میں نکھار پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا انفرادی اور اجتماعی سطحوں پر احتساب کے عمل کو اختیار کر کے ہی ملک کے حالات درست ہو سکتے ہیں۔ اسی اصول پر عمل کرنے سے ہمارا ملک معاشی خوشحالی کی منزل حاصل کر سکتا ہے۔

## امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد مدظلہ کی امریکہ روانگی

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد مدظلہ 23ر جنوری کو امریکہ کے دعوتی و تنظیمی دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ امریکہ میں اپنے قیام کے دوران ڈاکٹر صاحب نماز تراویح کے بعد انگریزی زبان میں دورہ ترجمہ القرآن کی صورت میں قرآن مجید کا ترجمہ و مختلف تشریح بیان کر رہے ہیں۔ امیر تنظیم اسلامی امریکہ میں قیام کے دوران کئی ایک دعوتی و تنظیمی پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔ ندائے خلافت کے ایڈیٹر حافظ عاکف سعید اور تنظیم اسلامی حلقہ خواتین کی ناظمہ علیہ بھی امیر محترم کے ہمراہ ہیں۔ توقع ہے کہ ڈاکٹر صاحب امریکہ میں دو ماہ قیام کریں گے۔

## ڈاکٹر عبد الخالق نے تنظیم اسلامی کے قائم مقام امیر کی ذمہ داری سنبھال لی

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کی ملک سے عدم موجودگی کے دوران تنظیم اسلامی کے نائب امیر ڈاکٹر عبد الخالق تنظیم اسلامی کے قائم مقام امیر کے فرائض ادا کر رہے ہیں۔

## رحمت اللہ بٹر عمرہ کی سعادت حاصل کریں گے

تنظیم اسلامی کے رہنما اور شعبہ تربیت کے ناظم چودھری رحمت اللہ بٹر کیم فروری کو عمرہ کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب جائیں گے۔

توقع ہے کہ عید الفطر کے بعد آپ حلقہ عرب امارات کی دعوت پر دبئی کا پندرہ روزہ دعوتی و تنظیمی دورہ بھی کریں گے۔

## جامع مسجد لاثانی فیروزوالا میں خطبہ جمعہ

جامع مسجد لاثانی فیروزوالا میں رمضان المبارک کی خاص عبادت "روزہ کی اصل حقیقت" کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے نعیم اختر عدنان نے کہا ہے کہ روزے کی عبادت کسی بھی مہینے میں فرض کی جا سکتی تھی مگر نزول قرآن کے مہینے میں روزے فرض قرار دے کر اس عبادت کو قرآن حکیم کے ساتھ مربوط کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا روزے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انسان اپنی فطری خواہشات کو اپنے خالق کے احکامات کی روشنی میں پورا کرنے کی تربیت حاصل کرے۔ تاکہ روزے سے حاصل کردہ تقویٰ کی یہ ریاضت زندگی کے ہر گوشے میں کام آسکے۔ روزہ کن چیزوں سے ٹوٹتا ہے' اس پر تو علماء و فقہاء نے خوب روشنی ڈالی جسے ہر مسلمان بخوبی جانتا ہے مگر روزے کی روح کو نقصان پہنچانے والے حقیقی مفاسد سے لوگوں کو پوری طرح آگاہ نہیں کیا جاتا۔

انہوں نے کہا عجیب ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ ایک شخص صبح سے شام تک روزہ کی حالت میں حلال اشیاء بھی استعمال نہیں کرتا مگر حرام کی کمائی سے سحری اور افطاری سے اپنے دسترخوان کو سجا لیتا ہے' ایسے ہی روزہ داروں کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ انہیں سوائے بھوک اور پیاس کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ درحقیقت رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ایمان حقیقی اور کردار و عمل کے بے لاگ جائزے کا سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔ ہم میں سے ہر شخص کو اپنا محاسبہ کرتے ہوئے جائزہ لینا چاہئے کہ ہم اپنے کردار و عمل سے واقعتاً اللہ کے بندے ہیں یا ہم نے نفس کی حیوانی خواہشات کی غلامی اختیار کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا ہماری اکثریت "معدہ پرستی" کا شکار ہو کر اپنے عمل سے "لا الہ الا المعدہ والبطن" کا نعرہ بلند کر رہی ہے۔ انسان جب تک اپنی انسانیت کو نہیں پہچانتا اس وقت تک وہ اپنا مقصد تخلیق پورا نہیں کر سکتا۔

## ناظم حلقہ لاہور کا دعوتی سفر

حلقہ لاہور ڈویژن کے ناظم جناب محمد اشرف وصی اور لاہور جنوبی کے امیر جناب فیاض حکیم اور معاون تنظیم جناب عبدالرشید پر مشتمل تین رکنی قافلہ قصور اور اوکاڑہ کے اضلاع میں تنظیم کے فکر کو عام کرنے کے لئے دو روزہ دورے پر حجرہ شاہ مقیم پہنچا۔ حجرہ شاہ مقیم سے قریب ہی ایک قصبہ ڈولہ مستقیم سے جناب سعید عاصم' محمد نواز اور مشتاق احمد بھی دعوتی قافلہ میں شریک ہوئے۔ دو روزہ دعوتی و تنظیمی سفر کے دوران ڈھینگ موڑ ضلع قصور' حویلی لکھا' بصیرپور' دیپالپور اور حجرہ شاہ مقیم میں احباب سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔ 17 مقامات پر عام خطابات کے ذریعے تنظیم کے فکر کو لوگوں تک پہنچایا گیا۔ عبدالرشید ابھی ہمارے نئے ساتھی ہیں یوں وہ خطاب سے محروم رہے باقی تمام حضرات نے دعوتی خطابات میں حصہ لیا۔ 3 مساجد میں درس قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے جب کہ حجرہ شاہ مقیم کی ایک مسجد میں نماز جمعہ سے قبل خطاب کا موقع بھی ملا۔ دعوتی لٹریچر پر مبنی 2000 کی تعداد میں ہینڈ بلز تقسیم کئے گئے۔

## ناظم حلقہ لاہور ڈویژن کا جامع مسجد گلشن علی کالونی میں خطبہ جمعہ

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کی ملک سے عدم موجودگی کے دوران جنرل ریٹائرڈ محمد حسین انصاری مسجد دار السلام میں خطبہ جمعہ کے فرائض ادا کرتے ہیں۔ چنانچہ جنرل صاحب نے ناظم حلقہ جناب اشرف وصی صاحب کی یہاں خطبہ جمعہ کی ڈیوٹی لگائی۔ انہوں نے اپنے خطاب جمعہ میں کہا ایک جانب روزے کی عبادت تقویٰ کے حصول کا یقینی ذریعہ ہے۔ دوسری طرف روزے کی حالت میں بھوک اور پیاس کے ذریعے کھاتے پیتے لوگوں کو بھی غرباء و مساکین کی افلاس کا تجربہ ہو سکے۔ اشرف وصی نے کہا غربت و افلاس کے حامل موجودہ نظام میں انفرادی سطح پر لوگوں کی مدد کرنے سے خاطر خواہ نتائج بر آمد نہیں ہو سکتے جب تک ملک کا باطل اور استحصالی نظام اسلام کے عادلانہ نظام سے تبدیل نہیں کیا جاتا۔

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

## اسرہ سنت نگر میں ترجمہ قرآن کا پروگرام

تنظیم اسلامی لاہور وسطی کے علاقے اسرہ سنت نگر کے زیر اہتمام رمضان المبارک کے دوران روزانہ بعد از نماز تراویح ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا بیان کردہ ترجمہ قرآن اور مختصر تشریح بذریعہ ویڈیو کیسٹ (ایک گھنٹہ کا) پروگرام جاری ہے جس سے روزانہ 15 سے 20 افراد مستفید ہو رہے ہیں۔

## اسرہ جہلم میں دورہ ترجمہ قرآن

رمضان المبارک کے مقدس مبارک مہینے میں مسجد کینال کالونی جہلم میں دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام کیا گیا۔ محمد شفاء اللہ مدرس کے فرائض ادا کر رہے ہیں۔ یہ پروگرام روزانہ ساڑھے تین بجے سے نماز مغرب تک منعقد ہوتا ہے۔ ساتھ ہی افطاری کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔

***

## تنظیم اسلامی کے شعبہ تربیت کے زیر اہتمام تربیت گاہوں کا ترمیم شدہ نظام الاوقات

| | | |
|---|---|---|
| مبتدی | 15 تا 21ر مارچ 96ء | مرکزی دفتر تنظیم اسلامی' لاہور |
| ملتزم | 22 تا 28ر مارچ 96ء | ایضاً |
| مبتدی | 5 تا 11ر اپریل 96ء | ایضاً |
| ملتزم | 17 تا 23ر مئی 96ء | حلقہ پنجاب شمالی |
| مبتدی | 31ر مئی تا 6ر جون 96ء | مرکزی دفتر لاہور |
| ملتزم | 5 تا 11ر جولائی 96ء | ایضاً |
| مبتدی / ملتزم | 9 تا 15ر اگست 96ء | قرآن اکیڈمی ملتان |
| مبتدی | 6 تا 12ر ستمبر 96ء | مرکزی دفتر لاہور |

### خصوصی مشاورتی و تربیتی پروگرام

| | | |
|---|---|---|
| برائے ملتزم رفقاء | 8 تا 11ر جون 96ء | قرآن آڈیٹوریم |
| برائے ذمہ دار رفقاء | 12 تا 13ر جون 96ء | قرآن آڈیٹوریم |

